سرکلر نمبر/اسٹیبلشمنٹ/2025/-----01-----

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹ جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 587-630 مورخہ: 02-01-25

**عنوان: ہدایات بابت ڈیوٹی روسٹر واچ اینڈ وارڈ سٹاف 08 گھنٹے/04 گھنٹے**

بحوالہ دفتر ہذا سرکلر نمبر 103 بذریعہ چٹھی ہذا Estt/ 102335-406 مورخہ 30.10.2024 اور سرکلر نمبر 123 بذریعہ چٹھی نمبری: 117884-936 مورخہ 09.12.2024 بعنوان بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ مذکورہ بالا دونوں سرکلرز کے تحت واچ اینڈ وارڈ سٹاف کی ڈیوٹی 08 گھنٹے شروع کروائی گئیں ماسوائے واچ ٹاورز اور مین وال پٹرولنگ جس کے جیلوں سے مثبت نتائج وصول ہوئے ہیں۔

لہذا اس بابت آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ پریکٹس آئندہ بھی مسلسل جاری رکھی جائے۔ اور واچ اینڈ وارڈ سٹاف کی ڈیوٹیاں ہدایات کے مطابق 08 گھنٹے لگائی جائیں۔ تاہم واچ ٹاورز اور مین وال پٹرولنگ اندرون جیل بدستور چار گھنٹے کی ڈیوٹی دو شفٹ میں جاری رہے گی۔ اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔

مذکورہ ہدایت پر من و عن عمل درآمد کیا جائے اور دفتر ہذا کو اس بابت مطلع کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

تطہیری نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 631-39 مورخہ: 02-01-25

کاپی برائے اطلاع:-

01. جناب سیکرٹری گورنمنٹ آف پنجاب ہوم ڈیپارٹمنٹ سول سیکرٹریٹ، لاہور۔

02. ڈی آئی جی ریجنز برائے کروائے جانے عملدرآمد مرسل ہوئے۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

سرکلر نمبر/اسٹیبلشمنٹ/2025/-----02-----

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹ جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/779-820 مورخہ: 03/01/25

عنوان: **سکیورٹی رپورٹ بابت اسیران/سٹاف**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ تمام جیلوں پر طریقہ کار رائج تھا کہ شام کے لاک اپ کا پرچہ چیف وارڈر سنٹرل ٹاور باقاعدہ خود سپرنٹنڈنٹ جیل کی رہائش گاہ پر لے کر جاتا تھا اور تمام قسم کی سکیورٹی رپورٹ بابت جیل اسیران/ملازمین سپرنٹنڈنٹ جیل کے نوٹس میں لایا کرتا تھا۔

مجاز اتھارٹی کے نوٹس میں آیا ہے کہ مذکورہ بالا پریکٹس/روٹین اب جیلوں پر ختم ہو چکی ہے اور جب بھی کبھی کسی ناگہانی معاملہ یا وقوعہ (اندرون اور بیرون جیل) کی بابت سپرنٹنڈنٹ جیل سے پوچھا جاتا ہے تو متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل اس بابت مکمل طور پر لاعلم ہوتا ہے اور جواز پیش کر دیتا ہے کہ جناب میرے نوٹس میں نہ ہے۔ جو کہ انتہائی لاپرواہی کے زمرہ میں آتا ہے۔ نیز موجودہ حالات میں کسی بھی وقت ہائر اتھارٹی کی طرف سے ہنگامی بنیادوں پر بذریعہ فون کال/فون میسج یا وٹس ایپ کے ذریعہ کسی بھی وقوعہ کی بابت رپورٹ طلب کی جاتی ہے تو متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل کی عدم دلچسپی اور لاعلمی کی وجہ سے مکمل انفارمیشن بروقت میسر نہ ہوتی ہے جو کہ صدر دفتر کے لیے پریشانی کا باعث بنتی ہے۔

لہٰذا اس بابت آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ فوری طور پر مذکورہ بالا پریکٹس کو دوبارہ شروع کیا جائے اور دن بھر کے کسی بھی وقوعہ کی بابت جو بھی رپورٹ چیف وارڈر کی طرف سے دی جائے اس پر فوری طور پر کاروائی کی جائے۔ نیز انتہائی ضروری انفارمیشن کو فوری طور پر مجاز اتھارٹی کے نوٹس میں لایا جائے۔

مذکورہ ہدایت پر من و عن عمل درآمد کیا جائے اور دفتر ہذا کو اس بابت مطلع کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

**فوری تعمیل/اشد ضروری**

سرکلر نمبر 03 /2025

دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

Phone: 042-99200570, 99200582, 99200498
Fax: 042-37423152
E-mail: judicialbranch@gmail.com

بجانب: تمام سپرنٹنڈنٹ صاحبان جیل ہائے پنجاب۔

مراسلہ نمبر/JB/ 1884-1927 مورخہ 07-01-2025

عنوان: **ہدایات برائے سردی اور دھند کے موسم میں کیے جانے والے سیکورٹی انتظامات۔**

بحوالہ دفتر ہذا کے مراسلہ نمبر IV&IC/2023/94917-67 مورخہ 21.11.2023، مراسلہ نمبر انڈسٹری/2024/103571-813 مورخہ 01.11.2024 اور سرکلر نمبر 114 مورخہ 14.11.2024۔

2۔ ملک بھر میں سردی کا موسم عروج پر ہے اور اس کے ساتھ سموگ اور دھند کی شدت میں بھی اضافہ ہو چکا ہے اس طرح کے حالات میں کسی ممکنہ jail break attempt/unpleasant incident کو روکنے اور جیل سیکورٹی کو بہتر کرنے کے لیے مزید اقدامات اٹھانے کے لیے تفصیلاً ہدایات پہلے ہی مندرجہ بالا سرکلر کے تحت دے دی گئی ہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ درج ذیل ہدایات پر فوری طور پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے:

i) دھند کے موسم میں کم از کم دو اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس کو نائٹ ڈیوٹی پر مقرر کیا جائے۔ ہر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پر لازم ہو گا کہ وہ ان دنوں میں شدید دھند کے وقت دو دو نائٹ راؤنڈ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام سٹاف اپنی ڈیوٹی پر چوکس ہے۔

ii) تمام اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ Prison Rules کے تحت اپنی نائٹ راؤنڈ/گشت ڈیوٹی ہر صورت یقینی بنائے۔ جس میں late night hour کے راؤنڈز شامل ہوں گے۔

iii) سپرنٹنڈنٹ جیل اپنی دونوں Night Rounds میں ایک راؤنڈ لازماً Late Night کرے گا اور سپرنٹنڈنٹ جیل کا نائٹ راؤنڈ تفصیلی ہو گا۔ جس میں تمام security loop holes کو نہ صرف identify کیا جائے گا بلکہ rectification بھی فوراً ہو گی۔

iv) جیلوں پر روشنی کے انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے خاص طور پر دھند کے موسم کے لیے سوڈیم لائٹس کا بندوبست کیا جائے۔ سوڈیم لائٹس نہ ہونے کی صورت میں پہلے سے موجود سرچ لائٹس پر پیلے رنگ کے سٹیکر چسپاں کیے جائیں۔

v) Watch Tower اور کوٹ موقعہ (Main Wall) پر مطلوبہ وارڈر گارد کی تعیناتی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ کمی گارد کی صورت میں غیر ضروری بیٹس پر تعینات وارڈرز کو تبدیل کر کے ٹاورز اور کوٹ موقعہ پر واچ اینڈ وارڈ/ڈیوٹی پر تعینات کر کے ہر صورت تمام بیٹس پر تعیناتی کو یقینی بنایا جائے۔

3۔ تمام سپرنٹنڈنٹ جیل صاحبان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا ہدایت کی تعمیل letter & spirits کی جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ اختیار کی جائے۔

(دستخط)

ای آئی جی (انسپکشن)

انسپکٹوریٹ جنرل جیل خانہ جات

پنجاب لاہور

ظہری نمبری/2025/JB/1928-36 مورخہ 07-01-2025

نقل برائے اطلاع و ضروری کاروائی:-

1۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، ملتان، ساہیوال، سرگودھا، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان ریجنز حکومتی وہیڈ آفس کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

(دستخط)

ای آئی جی (انسپکشن)

انسپکٹوریٹ جنرل جیل خانہ جات

پنجاب لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/ اسٹیبلشمنٹ/2025/ 04

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات، پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹس جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/ اسٹیبلشمنٹ/2025/ 5027-66 مورخہ 17/1/25

عنوان:- **تبادلہ کلاس IV ملازمین**

بحوالہ بعنوان بالا۔

تحریر ہے کہ درج ذیل کلاس-IV ملازمین کی آسامیوں پر متعلقہ ضلع کے ڈومیسائل کے حامل افراد بھرتی ہوتے ہیں اور یہ آسامیاں لوکل Based ہیں اور ان آسامیوں پر بھرتی ہونے والے ملازمین کی ٹرانسفر پوسٹنگ قواعد کے تحت دیگر اضلاع میں نہیں ہو سکتی ہے۔

| نمبر شمار | پوسٹ کا نام | سکیل | نمبر شمار | پوسٹ کا نام | سکیل |
|---|---|---|---|---|---|
| .01 | سینیٹری ورکر (خاکروب) | BS-01 | .02 | سپرنٹنڈنٹ اردلی | BS-01 |
| .03 | گارڈن قلی | BS-02 | .04 | چوکیدار | BS-01 |
| .05 | فلاور مالی | BS-01 | .06 | کارٹ مین | BS-01 |
| .07 | کک | BS-01 | .08 | جونیئر کک | BS-01 |
| .09 | گارڈنر | BS-01 | .10 | جلاد | BS-01 |

مجاز اتھارٹی کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ کلاس-IV ملازمین کے خلاف جب بھی کوئی ڈیوٹی میں غفلت / کوتاہی کی صورت میں کوئی ایکشن لینا درکار ہو تو متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل اس اہلکار کا کیس صدر دفتر برائے تبادلہ انتظامی امور اور کسی دوسری جیل کرنے کے لیے بھجوا دیتے ہیں جو صریحاً خلاف قانون ہے کیونکہ ان کلاس-IV کے اہلکاران کے خلاف ایکشن لینے کی مجاز اتھارٹی سپرنٹنڈنٹ جیل اور یہ پوسٹیں Non-Transferable ہیں۔

لہٰذا اس بابت مجاز اتھارٹی نے حکم دیا ہے کہ آئندہ ایسی کوئی بھی درخواست/کیس برائے تبادلہ کلاس-IV ملازمین صدر دفتر کو نہیں بھجوایا جائے گا۔ متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل قواعد کے تحت ان کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انکے کیس کا میرٹ پر فیصلہ صادر فرمائیں گے۔

مذکورہ بالا ہدایات پر من و عن عمل درآمد کیا جائے اور وصولی سے مطلع کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن، پنجاب، لاہور

تطہیری نمبری/ اسٹیبلشمنٹ/2025/ 5067-75 مورخہ 17/1/25

کاپی برائے اطلاع ضروری ڈی آئی جی پریزن ریجنل ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن، پنجاب، لاہور

سرکلر نمبر/انڈسٹری/2025/ 05

چٹھی نمبری/انڈسٹری/2025/ 8987-9036

دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

مورخہ لاہور 28/01/25

بجانب

جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز ہائے پنجاب

عنوان:- **ہدایات بابت استعمال کیے جانے وولن یارن 2.7 ڈبل پلائی سفید برائے قالین بافی**

بحوالہ دورہ جناب سیکرٹری (ہوم)، حکومت پنجاب، لاہور مورخہ 08.01.2025 سنٹرل جیل، لاہور۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ جناب سیکرٹری (ہوم)، حکومت پنجاب، لاہور نے مورخہ 08.01.2025 کو سنٹرل جیل، لاہور کے دورہ کے دوران ہدایت کی ہے کہ آئندہ جیل فیکٹری میں کوئی بھی نیا قالین وولن یارن 2.7 ڈبل پلائی سفید نیوزی لینڈ (امپورٹڈ) سے تیار نہیں کیا جائے گا ماسوائے اس کے کہ کوئی گاہک آرڈر پر / بکنگ پر نیوزی لینڈ اون سے قالین تیار کروانا چاہے۔ تاہم جو قالین پہلے سے وولن یارن 2.7 ڈبل پلائی سفید نیوزی لینڈ (امپورٹڈ) سے تیار کیے جا رہے ہیں انہیں جلد از جلد مکمل کیا جائے اور آئندہ تمام قالین وولن یارن 2.7 ڈبل پلائی سفید عسکری کمنڈ اور ہینڈ سپن اون (افغانی) سے منظور شدہ تصریحات کے مطابق درج ذیل تناسب سے تیار کیے جائیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| i. | وولن یارن 2.7 ڈبل پلائی سفید عسکری کمنڈ | = | 70 فیصد |
| ii. | وولن یارن 2.7 ہینڈ سپن اون (افغانی) | = | 30 فیصد |

درج بالا ہدایات پر فوری طور پر عمل درآمد کیا جائے۔ اور تعمیلی رپورٹ بمعہ سرٹیفکیٹ دفتر ہذا کو ارسال کیا جائے۔

اے آئی جی (انڈسٹری)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تقسیمی نمبری/انڈسٹری/2025/ 9037-39 مورخہ لاہور 28/1/25

کاپی برائے اطلاع:-

1. جناب سیکرٹری (داخلہ)، حکومت پنجاب، ہوم ڈیپارٹمنٹ، لاہور۔
2. جملہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات، ریجنز ہائے پنجاب مرسل ہووے۔ ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی ریجن کی جیلوں پر درج بالا ہدایات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

اے آئی جی (انڈسٹری)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

Circular No. 06/2025
**OFFICE OF THE INSPECTOR GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

To

1. The Deputy Inspector General of Prisons
   all Regions in the Punjab.
2. The Superintendent
   of all Jails in the Punjab.
3. The Principal,
   Punjab Prisons Staff Training Institute Lahore.
4. The Incharge Admn Branch,
   Inspectorate of Prisons Punjab, Lahore.

Memo. No. Estt/ 9855-9909
Dated Lahore, the 30-01-2025.

Subject:- **SUBMISSION OF CHARGE ASSUMPTION & CHARGE RELINQUISHED AND JOINING REPORT OF OFFICERS & OFFICIALS**

Please refer to the subject noted above.

2. It has been observed with great concern that transfer / posting orders of officers / officials are issued by this Inspectorate, and the trarsferees accordingly assume or relinquish charge. However, Jail and Office administrations fail to submit the corresponding charge assumption and relinquish reports. This reflects a lack of interest, lethargy, and an unprofessional attitude among the responsible officers and officials.

3. Consequently, updating and maintaining posting profile and officer lists become difficult, leading to undue embarrassment before the Competent Authority. Such reports are sometimes obtained informally via telephone from clerical staff, this practice is inadequate and unacceptable.

4. The Competent Authority has taken strict notice of this lapse by Establishment Clerks, Head Clerks and Office Superintendent of Jails / Offices. It is now mandatory that all charge assumption, relinquishment, joining & relieving reports be submitted to this Inspectorate on the same day via fax, Email and whatsapp to the Incharge Establishment Branch of this Inspectorate. Compliance with this directive is essential to ensure timely and accurate record-keeping.

4. Please ensure compliance of above said instructions in letter & spirit and acknowledge receipt.

D.I.G (Headquarters)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CS CamScanner

CIRCULAR No 07/2025

# INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS
# PUNJAB, LAHORE

To

The Superintendents,
all Jails in the Punjab.

Memo. No.CMMC/2025/ 10155-97
Dated Lahore, the 31/1/25

**Subject:** **PUNJAB PRISONS – SOCIAL MEDIA PRACTICES**

It has been observed with great concern that social media activities related to the Prisons Department are not being properly managed by the officers / officials and are being posted on various social media platforms without prior approval or authentication from the Competent Authority. This practice has caused public embarrassment regarding prison affairs and needs to be streamlined efficiently.

2. In light of the above, a Central Social Media WhatsApp group is being established at the Inspectorate of Prisons Punjab, Lahore. All official posts will henceforth be managed and disseminated / circulated through this centralized group to all other linked social media pages / platforms.

3. You are, therefore, directed to create an official social media WhatsApp group at the Jail level and ensure that all officers / officials are registered on this group. All the posts shared in the Central WhatsApp group of Superintendent Jails will be required to be shared on the local Jails official group by each Superintendent Jail. Also issue instructions to the officers / officials to view and like the said WhatsApp group and only original content from the Central Social Media WhatsApp group, will be shared / uploaded by the officers / officials. This will ensure that all shared content is authentic and consistent, thereby enhancing the positive image of the Punjab Prisons Department among the general public and avoiding any negative perceptions regarding prison affairs.

4. Non-compliance of the above directions will be dealt strictly under the law.

DIG (Headquarters)
Inspectorate General of Prisons
Punjab, Lahore

**Endst. No.CMMC/2025/** 10198-206 **Dated Lahore, the** 31-01-2025

Copy of the above is forwarded for information and necessary action to the DIG Prisons, all Regions in the Punjab.

DIG (Headquarters)
Inspectorate General of Prisons
Punjab, Lahore

CS CamScanner